سوال۔ ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے یک ایسا ادارہ ہے جومعذورافراد کی بحالی صحت، روزگار، اس ادارے کے ذریعے ہم معذورافراد کی بحالی صحت، روزگار، تعلیم، معاشرتی شمولیت اوخودانحصاری کی سطوحات پر کام سرانجام دے رہے ہیں۔

سوال۔ معذوری کیا ہے؟

جواب۔ انسان کی ذات میں موجود نقص جب انسان کی صلاحیتوں کو متاثر اور محدود کردے اور اس کی روزمرہ کی سرگرمیوں میں رکاوٹ کا سبب بنے تو اسے معذوری کہتے ہیں۔

سوال۔ محتاجی کیا ہے۔

جواب۔ جب انسان کے نقص کی وجہ سے معاشرتی مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو اسے محتاجی کہتے ہیں۔ مثلاً اکیلا پن، ملازمت کا نہ ہونا، نقل وحرکت میں مشکل پیش آنا وغیرہ۔

سوال۔ ریہبلیٹشن سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ ریہبلیٹشن سے مراد معذورافراد کو جسمانی، ذہنی اور معاشرتی طور پر کام کرنے کے قابل بنانا اور خودمختار زندگی دینا ہے۔

سوال۔ ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے صحت کی کون سی سہولیات فراہم کرتا ہے؟

جواب۔ یہ ادارہ معذورافراد کی بحالی کی خدمات کے لئے صحت کی سہولیات مہیا کرتا ہے۔ جس میں جسمانی ورزشیں، ذہنی اور جسمانی علاج، بول چال اور طبی معائنہ کی سہولیات میسر ہیں۔

سوال۔ ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے کس طرح روزگار کی سہولیات میسر کرتا ہے؟

جواب۔ معذورافراد جب روزگار کے حصول میں مدد کے لئے ہمارے معلومات اور ذرائع کے مراکز میں آتا ہے تو سب سے پہلے اس کا تفصیلی جائزہ لیا جاتا ہے اس کے بعد اس کی ضرورت کے عین مطابق مندرجہ ذیل خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

ا۔ ہنر کی تربیت

۲۔ روزگار کے مواقع کی تلاش

۳۔ کس این۔جی۔او وغیرہ سے گرانٹ حاصل کرنے میں مدد کرنا۔

سوال۔ کمیونٹی میں بحال سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ کمیونٹی سے بحالی سے مراد ہی ہے کہ کمیونٹی کے اندر رہتے ہوئے ایسا لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ جس کے ذریعے معذورافراد کو بحالی اور معاشرتی شمولیت کے مواقع میسر ہوسکیں۔ کمیونٹی میں بحالی معذورافراد کے خاندان، کمیونتی، مناسب صحت، تعلیم پیشہ وارانہ ہنر اور معاشرتی خدمات کی اجتماعی کوشش کے ذریعے ہوتی ہے۔

سوال۔ تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ تعلیم کا مطلب صلاحیتوں کا ابھارنا اور رہنمائی کرنا ہے اس کا مطلب ہے کے بچے میں جستجو، علم کی پیاس۔ خواہش اور زندگی کے ہر پہلو کی نشو ونما کرنا ہے۔

سوال۔ رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ رسمی تعلیم ترتیب وار ہدایات، ماہر استاتذہ کا تعلیم دینا، فن تعلیم کو عملی جامہ پہنانا اور نصاب بنانے پر مشتمل ہے۔

سوال۔ غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ یہ ساری زندگی جاری رہنے والا عمل ہے۔ جس میں ایک فرد روزمرہ کے تجربات اور اپنے ماحول کے وسائل سے رویے، قدریں، ہنر اور علم سیکھتا ہے۔ یہ ساری باتیں اپنے خاندان، پڑوس، کام، کھیل، بازار، لائبریری اور مواصلات کے ذریعوں اے اخذ کرتا ہے۔

سوال۔ معاشرتی شمولیت کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ معاشرے میں بحالی کے حوالے سے (CBR) یہ اصطلاح معذور افراد کو معاشرے کے مرکزی دھارے میں شامل کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کی معذور افراد کو وہی حقوق، مواقع اور خدمات حاصل ہوں جو معاشرے کے عام انسانوں کو میسر ہیں۔

سوال۔ خود مختاری کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ خود مختاری سے مراد افراد اور معاشرے کی روحانی، سیاسی، معاشرتی اور معاشی صلاحتیوں کو بڑھاتے ہوئے ان میں انفرادی خود اعتمادی اور ہنر بہتر بنانا ہے۔

سوال۔ کیا ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے حادثاتی سہولیات میسر کرتا ہے؟

جواب۔ نہیں ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے حادثاتی سہولیات میسر نہیں کرتا۔

سوال۔ کیا ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے معذور افراد کو رقم مہیا کرتا ہے؟

جواب۔ نہیں ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے معذور افراد کو رقم مہیا نہیں کرتا۔

سوال۔ کیا ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے معذور افراد کو مضوعی اعضاء مہیا کرتا ہے؟

جواب۔ نہیں ایم۔آر۔ڈی۔ای۔اے معذور افراد کو مضوعی اعضاء مہیا نہیں کرتا۔ بلکہ ان کا تفصیلی معائنہ کرنے کے بعد افراد کا دوسری این۔جی۔اوز اے مضوعی اعضاء حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔